کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی سلاٹر فیس

بذریعہ نوٹس ہذا عام خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنے سلاٹر ہاؤس سے وصولی سلاٹر فیس ٹھیکہ برائے سال 27-2026 بذریعہ نیلام عام دینے کا خواہشمند ہے۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات دفتر کینٹونمنٹ بورڈ واقع نزد CMH مانسہرہ روڈ ایبٹ آباد کینٹ میں مورخہ 29/06/2026 بوقت 11 بجے دن کو حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی منسوخ ہو گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 30/06/2026 جبکہ سہ بارہ نیلامی مورخہ 01/07/2026 کو ہوگی اور اس کے بارے دوبارہ اخبار و اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

نمبر شمار	ٹھیکہ برائے سال 2025-26	رقم کال ڈیپازٹ	تفصیلات
1-	ٹھیکہ وصولی سلاٹر فیس مفن مارکیٹ کینٹ ایبٹ آباد	مبلغ -/300,000 لاکھ روپے	اونٹ مبلغ -/1500 روپے بیل / بھینس وغیرہ مبلغ -/1000 روپے بھیڑ / بکرا وغیرہ مبلغ -/500 روپے

شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل مبلغ -/300,000 لاکھ روپے بطور زر ریعانہ بصورت بنک کال ڈیپازٹ / پے آرڈر بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر دفتر ہذا میں جمع کرانا ہونگے، جو پہلے نمبر پر آنے والے کے علاوہ بولی کے اختتام پر باقی سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔ مطلوبہ رقم کا پے آرڈر / کال ڈیپازٹ جمع کروانا لازمی ہے، نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔ نیز بولی میں حصہ لینے سے قبل تمام بولی دہندگان کو اپنے اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر کل بولی کا 25% بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) جمع کروائے گا جو ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ سیکیورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کے دوران ٹھیکہ کی ماہانہ اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی۔

4۔ ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم کے مطابق پوسٹ ڈیٹڈ چیک دینا ہوگا جو کے سال کے ایڈوانس (12 ماہ کی قسط) کے طور پر وصول کی جائیگا۔

5۔ شرائط نیلامی کی خلاف ورزی، اوور چارجنگ یا ماہانہ قسط کی ادائیگی میں زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور سیکیورٹی کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔ ٹھیکہ کی مدت پوری ہونے سے پہلے ٹھیکہ چھوڑنے والے ٹھیکیدار کی سیکیورٹی کی رقم بھی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

6۔ ٹھیکیدار سلاٹر ہاؤس میں صفائی ستھرائی کا انتظام خود اپنے خرچہ پر کرے گا، نیز یوٹیلٹی بلز کی ادائیگی بھی بذمہ ٹھیکیدار ہوگی۔

7۔ ٹھیکیدار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے خرچہ پر ٹھیکہ کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

8۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا جو کہ ایڈوانس وصول کیا جائیگا۔

09۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

10۔ زیر دستخطی / مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور / مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

11۔ دیگر شرائط و ضوابط یا نیلامی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

12۔ اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

13۔ ٹھیکیدار سلاٹر ہاؤس میں صرف حلال جانور کو اسلامی طریقے کے ساتھ (وٹرنری ڈاکٹر یا کینٹونمنٹ بورڈ کے مجاز ملازمین) کے سامنے ذبح کرے گا۔

14۔ ٹھیکیدار ناغہ کے دن سلاٹر ہاؤس میں کوئی سرگرمی نہ کرے۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
ایبٹ آباد

CamScanner
CamScanner
CamScanner